© rasailojaraid.com



# نتائج ششماہی امتحانات جامعہ علوم اثریہ

## قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء

- عبدالسلام بن صاحب جان — اول
- ابوسفیان بن منظور اللہ شاہ — دوم
- عزیر بن محمد اسلم — سوم
- ذیشان بن عباس خان — سوم

## قسم تحفیظ القرآن الکریم میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء

- محمد بن حیدر — اول
- حسنین زمرد بن زمرد مجید — دوم
- احمد بن شوکت — سوم

## جامعہ میں سالانہ انعامی تقریری مقابلہ میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء

★ عزیر اسلم (اول) ★ محمد عمران و ذیشان مشتاق (دوم) ★ عثمان عبدالغفور (سوم)

## جامعہ میں ماہانہ انعامی تقریری مقابلہ میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء

★ عزیر فرید (اول) ★ محمد شاہد (دوم) ★ اقدس حسنین و عزیر اسلم (سوم)

# جامعہ علوم اثریہ کے زیر انتظام تبلیغی پروگرام

## جامع مسجد محمدی اہل حدیث ہملٹ کالونی منگلا میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 27 دسمبر بروز منگل بعد نماز عشا جامع مسجد محمدی اہل حدیث ہملٹ کالونی منگلا میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا۔ جلسہ سے واعظ شیریں بیان مولانا حافظ محمد اسحاق اوکاڑوی نے خطاب کیا۔ جہلم سے رئیس الجامعہ کے ساتھ مولانا قطب شاہ اور محمد صدیق یوسفی بھی تھے۔ حاضری کے لحاظ سے یہ پروگرام بہت کامیاب رہا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## موضع گتر (ڈومیلی) تحصیل سوہاوہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 28 دسمبر بروز بدھ دن 12 بجے موضع گتر (ڈومیلی) تحصیل سوہاوہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا۔ جلسہ سے مولانا قطب شاہ مدرس جامعہ علوم اثریہ، رئیس الجامعہ حافظ عبد الحمید عامر اور مقرر شیریں بیان مولانا حافظ محمد اسحاق اوکاڑوی نے خطاب کیا۔ یاد رہے کہ یہ پروگرام جناب محمد اخلاق صاحب کی کوششوں سے منعقد ہوا۔ اس پروگرام میں اہل علاقہ نے بھرپور شرکت کی۔ جہلم سے رئیس الجامعہ کے ساتھ حافظ عبدالصبور اور محمد صدیق یوسفی بھی پروگرام میں شریک ہوئے۔

## جامع مسجد اہل حدیث پنڈی سید پور میں درس قرآن وحدیث

مورخہ 9 جنوری بروز سوموار بعد نماز مغرب جامع مسجد اہل حدیث پنڈی سید پور میں رئیس الجامعہ حافظ عبد الحمید عامر نے ایک نوجوان طالب علم کی تکمیل قرآن کے موقع پر آخری سبق سنا اور درس قرآن ارشاد فرمایا۔ رئیس الجامعہ کے ساتھ مولانا قطب شاہ و محمد صدیق یوسفی بھی موجود تھے۔

## جامع مسجد ابوبکر رضی اللہ عنہ اہل حدیث ڈھوک صوبیدار میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 18 جنوری بروز بدھ جامع مسجد ابوبکر رضی اللہ عنہ اہل حدیث ڈھوک صوبیدار میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ مدرس جامعہ علوم اثریہ نے سرانجام دیئے۔ تلاوت کے بعد جامعہ کے طالب علم محمد شاہد نے حمد ونعت پیش کی۔ مناظر اسلام حضرت مولانا محمد نواز چیمہ خطیب موڑ ایمن آباد گوجرانوالہ نے بڑا ہی شاندار خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کے صدارتی اور دعائیہ کلمات سے یہ پروگرام تکمیل پذیر ہوا۔ پروگرام میں جہلم سے حافظ عبدالصبور، ارشد فاروق سیٹھی اور محمد صدیق یوسفی کے علاوہ دینہ، منگلا، قاضی چک، چک جمال، کے ڈی سی اور دیگر علاقوں سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## جامع مسجد بلال اہل حدیث شمالی محلہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 5 فروری بروز اتوار بعد نماز عشا جامع مسجد بلال اہل حدیث شمالی محلہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ قاری اقدس حسین متعلم جامعہ کی تلاوت کے بعد جامعہ کے طالب علم محمد شاہد نے حمد ونعت پیش کی۔ جلسہ سے مولانا محمد اسلم سلیم اور قاری محمد یوسف راشد نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ پروگرام تکمیل پذیر ہوا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## جامع مسجد فہد اہل حدیث مدینہ ٹاؤن میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 6 فروری بروز سوموار بعد نماز عشا جامع مسجد فہد اہل حدیث مدینہ ٹاؤن میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ قاری محمد صفدر امام وخطیب جامع مسجد فہد اہل حدیث مدینہ ٹاؤن کی تلاوت سے پروگرام کا آغاز ہوا اور حافظ ظفر نے حمد و نعت پیش کی۔ اس کے بعد محمد ابتسام مشتاق نے سیرت النبی ﷺ پر مختصر تقریر کی۔ رئیس الجامعہ نے سیرت النبی ﷺ کے حوالہ سے بڑا ہی جامع صدارتی خطبہ دیا۔ بعد ازاں جامعہ کے طالب علم عزیر فرید نے نعت پڑھی اور آخر میں قاری قرآن مولانا محمد یوسف راشد نے سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر مفصل خطاب کیا۔ حاضری کے اعتبار سے یہ پروگرام انتہائی کامیاب رہا۔

## مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس

مورخہ 9 فروری بروز جمعرات بعد نماز عشا مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوئی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز قاری عبدالقہار امام مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث کی تلاوت سے ہوا۔ شاعر اسلام خالد حسین محمدی نے حمد و نعت پیش کی۔ کانفرنس سے مجاہد اسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ نثار، مناظر اسلام مولانا محمد عمر صدیق اور مولانا حافظ محمد اسحاق اوکاڑوی نے خطاب کیا۔ پروگرام میں جہلم کے علاوہ سوہاوہ، دینہ، منگلا، ڈھوک صوبیدار، کے ڈی سی، کالا گوجراں، کوٹلہ آئمہ، سعیلہ کینٹ، خورد، بھیلووال، کھوہار اور رانیوال سیداں گجرات کے علاوہ دیگر علاقوں سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## جامع مسجد العزیز اہل حدیث برلب دریا شالی محلہ میں عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 11 فروری بروز ہفتہ بعد نماز عشاء جامع مسجد العزیز اہل حدیث برلب دریا شالی محلہ میں عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوئی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز قاری عبدالقہار کی تلاوت سے ہوا۔ کانفرنس سے حضرت مولانا عبدالرحمٰن شیخوپوری اور مولانا نعیم الرحمٰن شیخوپوری نے خطاب کیا جبکہ حمد و نعت بھی مولانا نعیم الرحمٰن شیخوپوری نے پیش کی۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے پروگرام مکمل ہوا اور آخر میں شرکاء کی تواضع کی گئی۔



© rasailojaraid.com